مسافر مقیم امام کے پیچھے آخری دو رکعت میں شامل ہو تو بقیہ کتنی رکعت پڑھے گا؟

مجیب: ابو محمد محمد سرفراز اختر عطاری

مصدق: مفتی فضیل عطاری

فتوی نمبر: 142

تاریخ اجراء: 07 جمادی الاولی 1445ھ / 22 نومبر 2023ء

دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرعِ متین اس مسئلے کے بارے میں کہ چار رکعت والی نماز میں مسافر شرعی اگر شروعِ نماز سے امام مقیم کی اقتدا نہ کر سکا، بلکہ آخری دو رکعتوں میں شامل ہوا، تو کیا اس صورت میں بھی اس پر چار رکعتیں پڑھنا ضروری ہوں گی یا امام کے ساتھ سلام پھیر دے گا؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

مسافر شرعی پر اگرچہ نماز میں قصر کرنا واجب ہوتا ہے، لیکن اگر نماز کے وقت میں وہ مقیم امام کی اقتدا کر لے چاہے کسی بھی رکعت میں، تو اس اقتدا کی وجہ سے اس کے فرض تبدیل ہو جاتے ہیں یعنی دو کی بجائے اب اس پر چار رکعتیں پڑھنا ضروری ہوتا ہے، لہٰذا جو مسافرِ شرعی آخری دو رکعتوں میں امام مقیم کی اقتدا کر لے، تو اس پر مزید دو رکعتیں پڑھنی ضروری ہے، امام کے ساتھ سلام نہیں پھیر سکتا۔

در مختار میں ہے: "واما اقتداء المسافر بالمقیم فیصح فی الوقت ویتم" اور بہر حال مسافر کا مقیم کی اقتدا کرنا، تو وقت میں اقتدا درست ہے اور چار رکعت مکمل پڑھے گا۔ (درمختار مع ردالمحتار، جلد 02، صفحہ 736، مطبوعہ کوئٹہ)

ردالمحتار میں ہے: "قولہ: (فیصح في الوقت ویتم) لتغیر فرضه بالتبعیة، ملخصا" شارح رحمۃ اللہ علیہ کا قول: (وقت میں اقتدا درست ہے اور چار رکعت مکمل پڑھے گا۔) کیونکہ اقتدا کی وجہ سے اس کے فرض تبدیل ہو گئے ہیں۔ (ردالمحتار، جلد 02، صفحہ 736، مطبوعہ کوئٹہ)

بہار شریعت میں ہے: "مسافر نے اگر مقیم کی اقتدا کی تو چار پڑھے۔ ملخصا" (بہار شریعت، جلد 01، صفحہ 749، مطبوعہ مکتبۃ المدینہ، کراچی)

فتاویٰ شارح بخاری میں سوال ہوا کہ ”مسافر مقتدی کو عصر کی نماز میں صرف دو رکعت جماعت ملی، تو امام کے ساتھ سلام پھیر دے یا سلام کے بعد دو رکعت اور پڑھے۔ اسے کیا کرنا چاہیے؟“ تو اس کے جواب میں لکھتے ہیں: ”امام کے ساتھ ہرگز سلام نہ پھیرے، بلکہ امام کے سلام پھیرنے کے بعد کھڑا ہو اور دو رکعت مزید پڑھے۔ مسافر نے جب مقیم امام کی اقتدا کی تو اقتدا کرنے کی وجہ سے اسے بھی چار پوری پڑھنی ضروری ہو گئی۔" (فتاوی شارح بخاری، جلد 1، صفحہ 194، 195، مطبوعہ کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net